# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب


21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,  E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment


**پریس ریلیز**

## محکمہ زراعت پنجاب نے ماہ ستمبر کے دوران کپاس کی بہتر نگہداشت کے لئے حکمت عملی جاری کر دی

**لاہور 04 ستمبر 2023** (     )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق ستمبر کپاس کی فصل کے لئے اہم مہینہ ہے۔فصل جوبن پر ہوتی ہے اور زیادہ سے زیادہ پھول، گڈی اور ٹینڈے موجود ہوتے ہیں۔اس وقت فصل کی ضرورت کے مطابق آبپاشی جاری رکھیں۔ پانی کے با کفایت استعمال کے لئے واٹر سکاؤٹنگ کے طریقہ سے مدد لیں۔اس ضمن میں صبح آٹھ بجے سے پہلے کھیت میں داخل ہوں اور تیس فٹ کے بعد چھ پودوں کا انتخاب کرلیں۔ پہلے پودے میں پتوں کا مشاہدہ کریں کہ وہ مرجھائے ہوئے تو نہیں۔ دوسرے پودے کا 3/4 اوپر والا حصہ سرخی مائل تو نہیں۔تیسرے پودے کی اوپر والی شاخ توڑ کر دیکھیں، آواز کے ساتھ ٹوٹتی ہے یا نہیں۔چوتھے پودے پر تنے کی گانٹھوں (نوڈز) کا درمیانی فاصلہ نیچے سے اوپر کی طرف کم تو نہیں ہو رہا۔پانچویں پودے کی چھتری کے نیچے دو انچ گہرائی سے مٹی لیں، ہاتھ سے دبائیں گولا بنتا ہے یا نہیں۔چھٹے پودے پر دیکھیں سفید پھول پودے کے اوپر نظر آرہا ہے یا نہیں۔اگر چھ میں سے چار کا جواب ہاں ہے تو پانی کا استعمال ضرور کریں۔اس کے علاوہ پانی کے ساتھ کھاد کا استعمال سفارش کردہ مقدار میں ضرور کریں۔اس وقت کھادوں کا استعمال، وقت اور طریقہ کاشت، کپاس کی کاشتہ قسم کو مدنظر رکھ کر کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ رواں ماہ کے دوران پودوں کے غذائی اجزاء جیسا کہ نائٹروجن، پوٹاش، سلفر، بوران اور زنک کی ضرورت بڑھ جاتی ہے کیونکہ پودے کے پھول، گڈی اور ٹینڈوں کے بننے کا عمل جاری ہوتا ہے۔اس لئے اوسط فصل کے لئے ایک بیگ کیلشیم امونیم نائٹریٹ (کین)/امونیم سلفیٹ/مساوی آدھا بیگ یوریا اور ایک کلوگرام سلفر ملا کر، فصل کے پانی کے ساتھ (فرٹیگیشن) کے ذریعے ضرور دیں۔اس کے ساتھ آدھی بوری پوٹاش (SOP/MOP) کا استعمال بھی کیا جا سکتا ہے۔مزید یہ کہ اجزائے صغیرہ کا مزید استعمال فصل کی صورت حال اور زرعی ماہرین کے مشورہ سے کیا جا سکتا ہے۔ کپاس کی بہتر پیداوار کے حصول کے لئے 300 گرام بوریکس، 300 گرام زنک سلفیٹ، 300 گرام پوٹاشیم نائٹریٹ کو 100 لٹر پانی میں حل کر کے فی ایکڑ سپرے کریں۔

☆☆☆☆